کتاب نما

فتاویٰ، ڈاکٹر یوسف القرضاوی، مترجم: سید زاہد اصغر فلاحی۔ ناشر: دارالنوادر، الحمد مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۶۳۶۔ قیمت: ۳۵۰ روپے۔

علامہ ڈاکٹر یوسف القرضاوی عالم اسلام کی ایک معروف علمی شخصیت ہیں۔ قرآن، حدیث اور فقہ اسلامی پر ان کی گہری نظر ہے۔ دورِ جدید کے حالات، مسائل اور پیچیدگیوں سے وہ بخوبی واقف اور اسلام کی روشنی میں ان کا معقول حل پیش کرنے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتے ہیں۔ وہ کسی فقہی مکتب فکر کے پابند نہیں بلکہ پورے فقہی ذخیرے سے استفادہ کرتے ہیں جس رائے کو قرآن و سنت سے ہم آہنگ پاتے ہیں، برملا اسے ترجیح دیتے ہیں۔ اہل سنت کے معروف فقہی استدلال کے اصولوں کو تسلیم کرتے ہیں اور انھی کی روشنی میں جہاں ضرورت سمجھتے ہیں، خود بھی اجتہادی رائے قائم کرتے ہیں۔

زیرنظر کتاب موصوف کے ان فتاویٰ پر مشتمل ہے جو انھوں نے قطر ٹی وی پر ایک پروگرام بعنوان: 'ہدی الاسلام' میں سائلین کے جواب میں پیش کیے تھے۔ اس میں عقائد و نظریات، حکومت و سیاست، اقتصاد و معیشت، تمدن و معاشرت، تعلیم و تربیت، طب و سائنس، غرض کہ انسانی زندگی کے تقریباً ہر پہلو پر اسلام کی روشنی میں رہنمائی فراہم کرنے کی بھرپور کوشش کی گئی ہے۔ اس کتاب کا سب سے بڑا امتیاز یہ ہے کہ یہ زندہ اور روزمرہ درپیش مسائل کا احاطہ کرتی ہے۔ اس میں موجود بیش تر فتاویٰ کا تعلق ان موضوعات سے ہے جو عصرِ حاضر میں دینی و علمی حلقوں میں بالعموم زیربحث رہتے ہیں، مثلاً: اسلام کا سیاسی نظام، اسلامی ریاست میں سیاسی پارٹیوں کا وجود، بنک کا سود، بنک کی نوکری، کرنسی کی خرید و فروخت، اسلام اور جدید سائنسی تحقیقات، رحم مادر کا کرایہ، انسانی اعضا کی پیوندکاری، عورت کا بغیر محرم سفرِ حج، غیرمسلم خاتون سے شادی، عورت اور ملازمت، عورت اور